© rasailojaraid.com



## قرآن پاک کا چینی ترجمہ:

پاکستان میں قرآن مجید کا چینی زبان میں ترجمہ کیا گیا ہے۔ راولپنڈی سے شائع ہونے والے اخبار روزنامہ "جنگ" کی خبر کے مطابق یہ ترجمہ اسلام آباد کی دعوت اکیڈمی بین الاقوامی یونیورسٹی نے شائع کیا ہے۔ اکیڈمی کی ایک اطلاع کے مطابق چینی زبان میں ترجمے والے قرآن مجید کے نسخے پوری دنیا میں تقسیم کئے جائیں گے۔ (قومی آواز، دہلی ۱۵ جولائی ۱۹۹۳ء)

## روسی زبان میں قرآن پاک کا ترجمہ

روسی مصنف ڈلیرا نے آٹھ سال کی مسلسل کوشش کے بعد قرآن پاک کے دو تہائی حصہ کا روسی زبان میں ترجمہ مکمل کرلیا ہے۔ اس سے قبل کچھ پاروں کا ترجمہ ۱۹۹۱ء میں شائع ہو چکا ہے جس کی روسی مسلمانوں نے بڑی پذیرائی کی تھی۔ ۸۰ سال بعد روسی زبان میں یہ پہلا مستند ترجمہ ہوگا۔ یہ ۵، ملین مسلمانوں کے لئے ایمان و اعتقاد کو مضبوط کرنے کا بہترین ذریعہ ثابت ہوگا۔ واضح رہے کہ ڈلیرا نے ۱۶ سال قبل عیسائیت سے توبہ کرکے اسلام قبول کرلیا تھا۔

(تعمیر حیات، لکھنؤ، ۲۵ اپریل ۱۹۹۳ء)

## قرآنیات پر انگریزی میں شائع شدہ مواد کی ببلوگرافی کی اشاعت

موجودہ دور میں مختلف موضوعات پر ببلوگرافی (کتابیات) کی تیاری میں دلچسپی روز افزوں ترقی پر ہے۔ اس کی اصل وجہ طلبہ، اساتذہ و محققین کے لئے اس کی عظیم افادیت ہے۔ مختلف زبانوں میں قرآنیات پر بھی کتابیات کی اشاعت کا سلسلہ جاری ہے۔ انگریزی میں قرآنیات پر ڈاکٹر عبدالرحیم قدوائی (ریڈر شعبہ انگریزی مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ) کی زیر ترتیب ببلوگرافی اسی سلسلہ کی ایک اہم کڑی ہے۔ اس ببلوگرافی میں ۱۹۸۵ء۔ ۱۹۹۲ء کے دوران انگریزی میں قرآنیات پر شائع شدہ کتب و مقالات کا احاطہ کیا جائے گا۔ یہ ببلوگرافی اسلامک فاؤنڈیشن (لیسٹر برطانیہ) کے ترجمان مسلم ورلڈ بک ریویو MUSLIM WORLD BOOK REVIEW میں قسط وار زیر اشاعت ہے۔ اس کا پہلا حصہ جو کتابوں سے متعلق ہے اس مجلہ کے شمارہ ۱۳/۳ ۱۹۹۳ء میں شائع ہو چکا ہے۔ باقی دو حصے مقالوں سے متعلق ہیں وہ بھی اشاعت کے لئے تیار ہو چکے ہیں۔

اس کتاب کی ایک نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ یہ توضیحی Annotated ہے۔ ہر کتاب

© rasailojaraid.com